محکمہ زراعت،آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد

ٹینڈر نوٹس

محکمہ زراعت آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کو ترقیاتی منصوبہ "Establishment of Horticultural Theme Park Bhimber" کے تحت زیر تعمیر ''بھمبر پارک'' میں بتفصیل ذیل اشیاء کی خرید/تنصیب کے لیے بمطابق شرائط ذیل Single Stage - Two Envelope طریقہ کار کے تحت کوٹیشنز مطلوب ہیں:۔

1	Providing & Fixing of Benches	2	Providing & Fixing of Umbrellas with Benches

شرائط:

1۔ خرید/تنصیب کیے جانے والے سامان کی مکمل تفصیلات/تصریحات اور دیگر معلومات پر مبنی فارم مبلغ-/1000 روپے (ناقابل واپسی) کے عوض زیر دستخطی سے مورخہ 02 مارچ 2022ء تک دفتری اوقات کے دوران حاصل کیا جا سکتا ہے۔

2۔ کامیاب نرخ دہندہ بعد از تصدیق/معائنہ محکمانہ ٹیکنیکل کمیٹی تمام اشیاء کی فراہمی/تنصیب کرنے کا پابند ہوگا۔

3۔ بل کی ادائیگی محکمہ حسابات سے بل پاس ہونے پر ہوگی اور بلات میں آزاد کشمیر کے مروجہ ٹیکس ہا وضع کر لیے جائیں گے۔

4۔ کوٹیشن کے ہمراہ فرم کے بلیک لسٹ نہ ہونے اور کسی عدالتی کارروائی یا تنازعہ میں ملوث نہ ہونے کا حلفیہ بیان اسٹام پیپر معہ تصدیق نوٹری پبلک دینا ہوگا۔

5۔ کوٹیشنز مورخہ 05 مارچ 2022ء کو 11 بجے دن تک ہمراہ کال ڈیپازٹ (پیش کردہ انراخ کی کل مالیت کا 4 فیصد) بنام ڈی ڈی او تھیم پارک بھمبر محکمہ زراعت آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر موصول ہونا ضروری ہیں جو کہ اسی دن بوقت 11:30 بجے کوٹیشن دہندگان یا ان کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے ٹینڈر شرائط پر پورا نہ اترنے والی اور بغیر کال ڈیپازٹ کے موصول ہونے والی کوٹیشنز موقع پر ہی مسترد کر دی جائیں گی۔

6۔ کوٹیشنز فراہم کردہ محکمانہ فارم پر دینا ہوں گی جس پر مالک فرم/مینوفیکچرز کے دستخط اور مہر ثبت ہونا ضروری ہے۔

7۔ کوٹیشنز بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک/کوریئر بھی بھیجی جا سکتی ہے البتہ کوٹیشن اوپننگ کے وقت متعلقہ کمپنی/فرم کے مجاز نمائندے کی موجودگی ضروری ہے۔

8۔ موصول شدہ کوٹیشنز 2 لفافوں پر مشتمل ہوں گی، ایک لفافہ Technical Qualification سے متعلق ہوگا جس میں فرم سے متعلق انکم ٹیکس، جی ایس ٹی رجسٹریشن و سابقہ تجربہ سے متعلق ثبوت شامل ہونگے جبکہ دوسرے لفافے میں کوٹیشن معہ کال ڈیپازٹ سربمہر ہوگی۔

(راجہ محمد الیاس)

نائب ناظم زراعت توسیع/پراجیکٹ انچارج

ڈی ڈی او ترقیاتی منصوبہ تھیم پارک بھمبر

فون نمبر 05828-923950